**25.03.2026**

**2115 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں............ فرقان خان

**Music**

........................................................................

☆ کابینہ نے آئندہ 10 برسوں میں 28 ہزار کروڑ روپے سے زیادہ کی لاگت سے 100 ہوائی اڈّے تعمیر کرنے کی خاطر نئے سرے سے تشکیل دی گئی اُڑان اسکیم کو منظوری دے دی ہے۔

☆ حکومت نے مغربی ایشیا سے متعلق صورتحال پر تبادلۂ خیال کیلئے ایک کُل پارٹی میٹنگ کی۔

☆ پیٹرولیم کی وزارت نے ایندھن کی قیمتوں میں اضافے سے متعلق افواہوں کو خارج کر دیا ہے۔ اُس نے افراتفری میں خریداری سے گریز کرنے پر زور دیا ہے۔

☆ لوک سبھا نے صوتی ووٹ سے مالی بل کو منظوری دے دی ہے۔ پارلیمنٹ نے تیسری صنف کے افراد سے متعلق حقوق کے تحفظ کے ترمیمی بل کو بھی منظوری دے دی ہے۔

☆ دلّی پولیس نے غیر قانونی طریقے سے ہتھیاروں کو لانے، لے جانے کے ایک بڑے غیرملکی گروہ کا پتہ لگایا ہے، جس کا تعلق پاکستان، نیپال اور بنگلہ دیش سے ہے۔

☆ اور چھتیس گڑھ کے رائے پور میں کھیلو انڈیا ٹرائبلز گیمز کا آغاز ہوگیا ہے۔

........................................................................

**(Music)**

اب خبریں تفصیل سے

**Cabinet**

مرکزی کابینہ نے علاقائی رابطے کی نئے سرے سے تشکیل دی گئی اسکیم اڑآن کے آغاز اور نفاذ کو 28 ہزار 840 کروڑ روپے کی مجموعی لاگت سے 27-2026 سے 36-2035 تک کی دس برس کی مدت کیلئے منظوری دے دی ہے۔ نئی دلی میں کابینہ کی میٹنگ کے بعد میڈیا بریفنگ میں اطلاعات و نشریات کے وزیر اشونی ویشنو نے کہا کہ

علاقائی کنیکٹی وٹی کو فروغ دینے کیلئے موجودہ غیر فعال ہوائی پیٹیوں کو 100 ہوائی اڈوں میں ترقی دی جائے گی۔

یہ اسکیم Tier 2 اور Tier 3 شہروں میں اقتصادی ترقی، تجارت اور سیاحت کو فروغ دے گی اور عام شہریوں کو کفایتی فضائی سفر کی فراہمی میں مددگار ہوگی۔

اس کے ساتھ ہی یہ دور دراز اور پہاڑی علاقوں میں ہنگامی اور صحت کی دیکھ بھال کی خدمات تک رسائی کو بہتر بنائے گی اور علاقائی ہوائی اڈوں اور ایئرلائن آپریٹروں کو زیادہ پائیداری فراہم کرے گی۔

کابینہ نے، امیگریشن، ویزا، غیر ملکیوں کے اندراج اور نظر رکھنے سے متعلق اسکیم (IVFRT) کو 31 مارچ 2026 کے بعد اگلے پانچ برس کے لئے جاری رکھنے کی منظوری دے دی ہے۔ کابینہ نے IVFRT کی یکم اپریل 2026 سے 31 مارچ 2031 تک 1800 کروڑ روپے کی لاگت سے توسیع کو منظوری دی ہے۔

IVFRT پلیٹ فارم بھارت میں غیر ملکیوں کے امیگریشن، ویزا کے اجراء اور اندراج سے متعلق سرگرمیوں کو مربوط بناتی ہے اور سہولت فراہم کرتی ہے۔ اس کا مقصد قانونی طور پر آنے والے مسافروں کو سہولت فراہم کرنے کے ساتھ ہی قومی سلامتی کو مضبوط بنانا ہے۔

بھارت اپنے GDP کے کاربن اخراج کی شدت کو 2005 کے سطح سے 2035 تک 47 فیصد کم کرنے کے تئیں پُر عزم ہیں۔ ملک نے فروری 2026 تک غیر زیر زمین ایندھن کی 52 اعشاریہ 57 فیصد صلاحیت کو حاصل کر چکا ہے، جو اُس نے طے شدہ مدت سے پانچ سال پہلے کامیابی کے ساتھ حاصل کیا ہے۔×

## ALL PARTY MEETING

آج حکومت نے نئی دلّی کے پارلیمنٹ ہاؤس کمپلیکس میں مغربی ایشیا سے متعلق صورتحال پر ایک کُل پارٹی میٹنگ کی۔ وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے اِس میٹنگ کی صدارت کی، جس میں وزیر داخلہ امت شاہ، وزیر خارجہ ایس جے شنکر، پیٹرولیم کے محکمے کے وزیر ہردیپ سنگھ پوری، پارلیمانی امور کے وزیر کرن رججو، JDU کے کارگزار صدر سنجے جھا اور راجیو رنجن نے دیگر رہنماؤں سمیت شرکت کی۔ کانگریس کے رہنما مُکل واسنِک اور طارق انور، CPI-M کے رکنِ پارلیمنٹ John Brittas اور سماجوادی پارٹی کے ممبر پارلیمنٹ دھرمیندر یادو کے علاوہ اپوزیشن پارٹیوں کے دیگر رہنما بھی اِس میٹنگ میں شامل تھے۔

یہ میٹنگ، مغربی ایشیا میں کشیدگی میں اضافے کے پیش نظر ہوئی ہے، جس کے سبب اہم آبی گزرگاہیں متاثر ہوئی ہیں اور خلیجی ممالک سے بھارتی شہریوں کی سلامتی کے بارے میں تشویش میں اضافہ ہوا ہے۔x

**WEST ASIA DAILY BRIEF**

آج حکومت نے کہا ہے کہ ملک کے پاس 26 کروڑ ٹن خام تیل کی ریفائننگ کی صلاحیت موجود ہے اور اُس نے شہریوں پر زور دیا ہے کہ وہ افواہوں پر بھروسہ نہ کریں اور افرا تفری میں خریداری سے گریز کریں۔ آج نئی دلّی میں مغربی ایشیا میں حالیہ واقعات پر ایک بین وزارتی بریفنگ سے خطاب کرتے ہوئے پیٹرولیم اور قدرتی گیس کی وزارت میں جوائنٹ سکریٹری سُجاتا شرما نے پیٹرول ڈیزل کی قیمتوں میں اضافے کی افواہوں کے درمیان وضاحت کی کہ پیٹرول اور ڈیزل کی قیمت میں کوئی اضافہ نہیں کیا گیا ہے۔ PNG کی توسیع کے بارے میں بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ حکومت، اِس پر توجہ مرکوز کر رہی ہے اور کل اِس سلسلے میں ایک گزٹ نوٹیفکیشن جاری کیا گیا ہے، جس کا مقصد سبھی ریاستوں میں PNG کنکشن سے متعلق درخواست کی فیس اور منظوری کی مدتِ کار کے عمل کو سہل بنانا ہے۔

انہوں نے مزید کہا کہ اندازاً 25 دنوں میں تقریباً ڈھائی لاکھ نئے کنکشن فراہم کیے گئے ہیں۔ اِس کے علاوہ تقریباً 2 لاکھ 20 ہزار صارفین، LPG سے PNG میں منتقل ہوئے ہیں۔

بندرگاہوں، جہاز رانی اور آبی گزرگاہوں میں خصوصی سکریٹری راجیش کمار سنہا نے کہا ہے کہ گزشتہ 24 گھنٹے میں جہازوں پر کام کرنے والے عملے کے 50 بھارتی افراد کو واپس وطن لایا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کسی بھارتی جہاز یا عملے کے فرد سے متعلق کسی معاملے کی کوئی خبر نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ تقریباً 20 بھارتی پرچم بردار جہاز، جس میں عملے کے 540 بھارتی افراد سوار ہیں، اِس وقت خلیج کے خطے میں ہیں اور بحفاظت ہیں۔ x

**CCPA HOTEL CHARGES**

صارفین کے حقوق کے تحفظ سے متعلق مرکزی اتھارٹی نے آج ہوٹلوں اور ریستوراں کو ہدایت دی ہے کہ وہ LPG چارجیز اور ایندھن کی بڑھتی قیمت کا حوالہ دیتے ہوئے صارفین سے اضافی پیسے نہ وصول کریں۔ CCPA نے کہا ہے کہ وہ ملک بھر میں اِس طرح کے واقعات پر قریبی نظر رکھے ہوئے ہے اور کسی بھی طرح کی خلاف ورزی سے مناسب طور پر نمٹا جائے گا اور صارفین کے مفادات کا تحفظ کرنے کی خاطر ضروری کارروائی کی جائے گی۔ صارفین، ایک-نو، ایک-پانچ پر کال کرکے یا NCH موبائل ایپ پر نیشنل کنزیومر ہیلپ لائن پر شکایت درج کرسکتے ہیں۔ وہ e-Jagriti پورٹل کے ذریعے متعلقہ صارفین کمیشن سے بھی شکایت کرسکتے ہیں۔ x

**LS FINANCE BILL**

لوک سبھا نے مالی بل 2026 کو صوتی ووٹ سے منظور کرلیا ہے۔ اِس بل کے تحت مالی سال 2026-27

کیلئے مرکزی حکومت کیلئے مالی تجاویز کو منظوری دی جاتی ہے۔ ایوان نے حکومت کی جانب سے پیش کی گئی ترامیم کو اپنی منظوری دے دی۔ آج ایوان میں مالی بل 2026 پر بحث کا جواب دیتے ہوئے مرکزی وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن نے کہا کہ حکومت، MSMEs، کسانوں اور امدادی باہمی اداروں کو بااختیار بنا رہی ہے کیونکہ یہ روزگار پیدا کرنے، پیداوار اور ملک کی مجموعی ترقی کے معاملے میں مرکزی حیثیت رکھتے ہیں۔ محترمہ سیتا رمن نے کہا کہ حکومت، بھارت کو ایک ترقی یافتہ ملک بنانے کی خاطر ڈیجیٹل بنیادی ڈھانچے، الیکٹرانک ساز و سامان کی تیاری، بحری اشیاء، چمڑے، اہم معدنیات اور نیوکلیائی توانائی جیسے کلیدی شعبوں کو بھی مدد فراہم کر رہی ہے۔

محترمہ سیتا رمن نے کہا کہ بھارت، وزیر اعظم نریندر مودی کے زیر قیادت اصلاحات کے راستے پر گامزن ہے۔ وزیر موصوف نے مطلع کیا کہ اِس مالی بل میں متوسط طبقے پر توجہ مرکوز کی گئی ہے اور حکومت نے زندگی بچانے والی 17 اہم ادویات پر سے بنیادی کسٹم ڈیوٹی ہٹا دی ہے۔ x

**RS - TRANSGENDER BILL**

پارلیمنٹ نے تیسری صنف کے افراد کے حقوق کے تحفظ سے متعلق ترمیمی بل 2026 کو منظوری دے دی ہے۔ راجیہ سبھا نے آج اِسے منظور کیا، جبکہ لوک سبھا نے کل اِسے زبانی ووٹ سے منظوری دی تھی۔ اپوزیشن نے واک آؤٹ کیا تھا۔ اِس بل میں تیسری صنف کے زمرے کی تشریح کو از سر نو متعین کیا گیا ہے، خود محسوس کردہ جنسی شناخت کے التزام کو ختم کردیا گیا ہے اور کئی سماجی و ثقافتی شناخت کے ساتھ ساتھ ٹرانس میسکولین افراد کو بھی اس کے دائرے سے باہر کردیا گیا ہے۔ یہ بل تیسری صنف کے افراد کی تعریف حیاتیاتی بنیادوں پر کرتا ہے، جو انٹر سیکس تبدیلیوں اور جنسی نشو و نما میں فرق پر مبنی ہے۔

راجیہ سبھا میں اس بل پر بحث کا جواب دیتے ہوئے، سماجی انصاف اور تفویضِ اختیارات کے وزیر ڈاکٹر وریندر کمار نے کہا کہ حکومت تیسری صنف کے افراد کی فلاح و بہبود کے تئیں ہمدردانہ رویہ رکھتی ہے۔ ایوان بالا میں بحث کا آغاز کرتے ہوئے، کانگریس کی رکنِ پارلیمنٹ رینوکا چودھری نے کہا کہ یہ بل آئین کے تحت فراہم کردہ فرد کی رازداری کو کمزور کرتا ہے۔ DMK کے ایم پی تروچی شیوا نے بھی یہ کہتے ہوئے اِس بل کی مخالفت کی کہ اگر یہ بل پارلیمنٹ میں اکثریت سے منظور بھی ہو جائے تو اسے سپریم کورٹ منسوخ کر دے گی۔

بل کی حمایت کرتے ہوئے، BJP کی ایم پی میدھا وِشرام گُلکرنی نے کہا کہ یہ بل تیسری صنف کے افراد کیلئے انصاف، وقار، مجرمانہ کارروائی سے تحفظ اور قانونی تحفظات کو یقینی بناتا ہے۔

AAP کے سنجے سنگھ نے کہا کہ یہ بل تیسری صنف کے افراد کیلئے بڑی مایوسی کی بات ہے۔ انہوں نے حکومت پر الزام لگایا کہ وہ اس صنف کیلئے کچھ بھی نہیں کررہی ہے۔ RJD کے منوج کمار جھا نے کہا کہ تیسری صنف کے

خلاف تعصّبات ختم ہونے چاہئیں اور انہیں عزت کے ساتھ زندگی گزارنے کا حق ملنا چاہیے۔x

**RS CAPF BILL**

مرکزی مسلح پولیس فورسز (جنرل ایڈمنسٹریشن) بل 2026 کو آج راجیہ سبھا میں پیش کیا گیا۔ امورِ داخلہ کے وزیر مملکت نتیانند رائے نے یہ بل پیش کیا، جس کا مقصد مرکزی مسلح پولیس فورسز میں گروپ اے جنرل ڈیوٹی افسران اور دیگر افسران کی بھرتی اور سروس کی شرائط سے متعلق عمومی ضابطوں کو منظّم کرنا ہے۔ اس بل میں یہ التزام ہے کہ انسپکٹر جنرل کے عہدے کے کل عہدوں میں سے 50 فیصد، ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل کے عہدے کے کم از کم 67 فیصد اور اسپیشل ڈائریکٹر جنرل اور ڈائریکٹر جنرل کے تمام عہدے بھارتی پولیس سروس IPS کے افسران کے ذریعے ڈیپوٹیشن پر پُر کیے جائیں گے۔

بل میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ حالیہ برسوں میں کسی جامع قانون کی عدم موجودگی کے سبب ضابطے غیر منظّم انداز میں بنے، جس کے نتیجے میں سروس سے متعلق کئی مقدمات دائر ہوئے اور انتظامی مشکلات پیدا ہوئیں۔x

**LS - DRONE**

حکومت نے کہا ہے کہ Swa Yaan پروجیکٹ کے تحت بغیر پائلٹ والے ہوائی نظام کے شعبے میں صلاحیت سازی کیلئے 32 ہزار سے زیادہ افراد کو تربیت دی جاچکی ہے۔ الیکٹرانکس اور اطلاعاتی ٹیکنالوجی کے وزیر مملکت جتن پرساد نے یہ بات آج لوک سبھا میں ایک تحریری جواب میں بتائی۔ انہوں نے کہا کہ بھارت نے ڈرون صنعت کے فروغ اور ملک کو ڈرون کا ایک عالمی مرکز بنانے کیلئے کئی اقدامات کئے ہیں۔ ان میں بغیر پائلٹ والے فضائی نظام میں انسانی وسائل کے فروغ کیلئے ریموٹ پائلٹ ٹریننگ آرگنائزیشن، Namo ڈرون دیدی اسکیم، پردھان منتری کوشل وکاس یوجنا 4.0 اور Swa Yaan صلاحیت سازی شامل ہیں۔x

**ASSAM ASSEMBLY ELECTION**

کل نامزدگی کے پرچوں کی جانچ پڑتال کا کام مکمل ہونے کے بعد آسام اسمبلی انتخابات کی انتخابی مہم تیز ہوگئی ہے۔ آج وزیر اعلیٰ ہیمنت بسوا شرما نے وسطی آسام میں تین بڑی ریلیاں کیں۔

پیش ہے ایک رپورٹ.................

***VC Rakesh Doley***

آسام میں سبھی سیاسی جماعتوں کی انتخابی مہم شروع ہونے کے ساتھ ہی سیاسی

گہما گہمی تیز ہوگئی ہے۔ کل، امیدواروں کی فہرست کو قطعی شکل دیئے جانے کے بعد اہم سیاسی جماعتوں نے ریاست بھر میں بڑے پیمانے پر ریلیوں اور ووٹروں تک پہنچنے کے پروگراموں کا آغاز کر دیا ہے۔ آج BJP کے سینئر رہنما اور وزیر اعلیٰ ہیمنت بسوا سرما نے Lumding، Hojai اور نوگاؤں میں عوامی میٹنگوں سے خطاب کیا۔ کل، نام واپس لینے کی آخری تاریخ ہے اور 9 اپریل کو ہونے والے چناؤ کیلئے سیاسی سرگرمیاں تیز ہوگئی ہیں۔

گواہاٹی سے راکیش ڈولے کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں ارجمند علی خان۔

## DELHI POLICE - ARM TRAFFICKING

دلّی پولیس کی کرائم برانچ نے ہتھیاروں کی اسمگلنگ کے ایک بڑے بین الاقوامی نیٹ ورک کا پردہ فاش کیا ہے، جس کا تعلق پاکستان، نیپال اور بنگلہ دیش سے ہے۔ اس سلسلے میں قومی راجدھانی میں 10 اہم کارندوں کو گرفتار کیا گیا ہے۔ میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے، دلّی پولیس کے کرائم برانچ کے جوائنٹ کمشنر سریندر کمار نے بتایا کہ کارروائی کے دوران غیر ملکی ساخت کے 21 اعلیٰ درجے کے ہتھیار برآمد کئے گئے ہیں، جن میں ایک جدید سب مشین گن، نیم خودکار پستولیں اور 200 سے زیادہ کارآمد گولیاں شامل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس نیٹ ورک میں شامل افراد بھارت-نیپال سرحد کے راستے ہتھیاروں کو چوری چھپے بھارت بھیجتے تھے اور انہیں دلّی NCR اور دوسری ریاستوں میں جرائم پیشہ گروہوں کو سپلائی کیا جاتا تھا۔

کرائم برانچ نے بتایا کہ رقم کی ادائیگی حوالہ کے ذریعے کی جاتی تھی، جبکہ نیپال اور بنگلہ دیش میں موجود کارندے پاکستان سے غیر قانونی ہتھیاروں کی خرید میں مدد فراہم کرتے تھے۔x

## IMD WEATHER

بھارتی موسمیات محکمے IMD نے کل کیلئے ذیلی ہمالیائی مغربی بنگال اور سکّم میں شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ IMD نے کہا ہے کہ کل تک چھتیس گڑھ، ہماچل پردیش، جموں و کشمیر اور لداخ میں گرج چمک کے ساتھ چھینٹے پڑنے اور تیز ہوائیں چلنے کا سلسلہ جاری رہے گا۔

آندھرا پردیش، ہریانہ، چنڈی گڑھ، دلّی، کرناٹک، مغربی راجستھان اور پنجاب میں آئندہ دو روز تک اِسی طرح کا موسم رہنے کا امکان ہے۔ x

## KHELO INDIA

پہلے کھیلو انڈیا قبائلی کھیل کود مقابلے آج چھتیس گڑھ میں شروع ہوئے۔ نوجوانوں کے امور اور کھیلوں کے مرکزی وزیر ڈاکٹر منسکھ مانڈویا نے آج شام رائے پور میں باضابطہ طور پر اِس کا افتتاح کیا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے، مرکزی وزیر نے کہا کہ کھیلو انڈیا قبائلی گیمز اب سے ہر سال چھتیس گڑھ میں منعقد ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ ملک بھر سے قبائلی کھلاڑی اپنی صلاحیتوں کا مظاہرہ کرنے ریاست آئیں گے۔ اِس موقع پر وزیرِ اعلیٰ Vishnu Deo Sai، نائب وزیرِ اعلیٰ Arun Sao اور ریاستی کابینہ کے کئی ارکان موجود تھے۔ تین اپریل تک جاری رہنے والے اِن کھیل کود مقابلوں میں ایتھلیٹکس، ہاکی، فٹ بال، تیر اندازی، کُشتی، ویٹ لِفٹنگ اور تیراکی شامل ہیں۔

یہ کھیل ریاست کے تین شہروں رائے پور، جگدل پور اور امبیکا پور میں منعقد کئے جارہے ہیں۔ آج کھیل کے پہلے دن تیراکی اور فٹ بال کے مقابلے ہوئے۔x

## ARCHERY ASIA CUP

بھارتی تیر اندازوں نے آج بنکاک میں جاری ایشیا کپ عالمی درجہ بندی ٹورنامنٹ کے پہلے مرحلے میں کانسے کے دو تمغے جیتے۔ خواتین کے Recurve مقابلے میں رُوما بسواس، کیرتی اور Riddhi Phor نے ملیشیا کو پانچ-ایک سے ہراکر کانسے کا تمغہ جیتا۔

اُدھر مردوں کے کمپاؤنڈ زمرے میں رَجت چوہان، رِشبھ یادو اور اُدے Kamboj نے بھوٹان کو 232 کے مقابلے 234 کے اسکور سے ہراکر کانسے کا تمغہ حاصل کیا۔x

☆☆☆☆☆